صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

(1913ء سے جاری شدہ)

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 9 دسمبر 2015ء 26 صفر 1437 ہجری 9 فتح 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 279

اجر حسن کے حقدار

بادیہ نشینوں میں سے پیچھے چھوڑ دیئے جانے والوں سے کہہ دے کہ تم عنقریب ایک ایسی قوم کی طرف بلائے جاؤ گے جو سخت جنگجو ہوگی۔ تم ان سے قتال کرو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے۔ پس اگر تم اطاعت کرو گے تو اللہ تمہیں بہت اچھا اجر عطا کرے گا اور اگر تم پیٹھ پھیر جاؤ گے جیسا کہ پہلے پیٹھ پھیر گئے تھے تو وہ تمہیں بہت دردناک عذاب دے گا۔ (الفتح:17)

اخلاق عالیہ صحابہ کرامؓ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت حمزہؓ کی بہادری کا یہ عالم تھا کہ غزوہ بدر میں کفار میں دہشت ڈالنے کے لئے آپ نے شترمرغ کا ایک پر کلغی کی طرح اپنی پگڑی میں سجا رکھا تھا جس کی وجہ سے وہ ہر جگہ نمایاں نظر آتے تھے۔ حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف سے روایت ہے کہ امیہ بن خلف نے مجھ سے پوچھا کہ یہ شترمرغ کی کلغی والا شخص بدر میں کون تھا میں نے کہا رسول اللہ ﷺ کے چچا حمزہ بن عبدالمطلب۔ وہ بولے یہی وہ شخص ہے جو ہم پر عجیب طرح تباہی و بربادی لے کر ٹوٹ پڑا تھا۔

(ابن سعد جلد 3 ص 10، مجمع الزوائد جلد 6 ص 81)

غزوہ احد میں بھی حضرت حمزہؓ نے شجاعت کے کمالات دکھائے۔ آپ کی یہ بہادری قریش مکہ کی آنکھوں میں سخت کھٹکی تھی۔ غزوہ بدر میں حضرت حمزہؓ کے ہاتھوں قریش کا سردار طعیمہ بن عدی مارا گیا تھا۔ اس کے عزیزوں نے اپنے غلام وحشی سے یہ وعدہ کیا کہ اگر تم ہمارے چچا کے بدلے حمزہ کو قتل کر دو تو تمہیں آزاد کر دیا جائے گا۔ غزوہ احد میں سب سے پہلے مشرکین قریش کے نمائندے سباع بن عبدالعزیٰ نے دست بدست جنگ کی دعوت دی۔ سب سے پہلے حضرت حمزہؓ ہی اس کے مقابلے کے لئے آگے بڑھے اور اسے مخاطب کر کے کہا ''اے سباع! ختنے کرنے والی ام انمار کے لڑکے! کیا تو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا دشمن ہو کر آیا ہے'' اور پھر پوری قوت سے اس پر حملہ آور ہو کر اس کا کام تمام کر دیا۔

(بخاری کتاب المغازی باب قتل حمزہؓ)

احد میں عام لوگ ایک ایک تلوار سے لڑ رہے تھے مگر حضرت حمزہؓ کے ہاتھ میں دو تلواریں تھیں اور وہ آنحضرت ﷺ کے سامنے کھڑے ہو کر آپؐ کا دفاع کر رہے تھے اور یہ نعرہ بلند کر رہے تھے کہ میں خدا کا شیر ہوں۔ کبھی آپ دائیں اور بائیں حملہ آور ہوتے تو کبھی آگے اور پیچھے۔ اس حال میں آپ نے تیس کفار کو ہلاک کیا۔ حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں جنگ احد میں جب اچانک حملہ سے لوگ پسپا ہوئے اور اس دوران میں نے حضرت حمزہؓ کو فلاں درخت کے پاس دیکھا۔ آپؓ کہہ رہے تھے میں اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر ہوں۔ اے اللہ! ان دشمنوں نے جو کچھ کیا میں اس سے براءت کا اظہار کرتا ہوں اور مسلمانوں کی پسپائی کے لئے معذرت خواہ ہوں۔ اچانک ایک موقعہ پر آپ کو ٹھوکر لگی اور آپ پشت کے بل گر گئے۔ وحشی آپ کی تاک میں تھا اسی وقت وہ آپ پر حملہ آور ہوا۔

(ابن سعد جلد نمبر3 ص 12، مستدرك حاكم جلد 3 ص 199 واصابہ جز نمبر 2 ص 37)

وحشی کا اپنا بیان ہے کہ میں ایک چٹان کے پیچھے چھپ کر حمزہؓ پر حملہ کرنے کی تاک میں تھا جونہی وہ میرے قریب ہوئے میں نے تاک کر انہیں نیزہ مارا جو ان کی ناف میں سے گزرتا ہوا پشت سے نکل گیا۔ (بخاری کتاب المغازی باب قتل حمزہؓ)

(بحوالہ سیرت صحابہ رسولؐ)

سیرت وسوانح حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد

مکرم آصف محمود باسط صاحب لندن تحریر کرتے ہیں کہ حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب کی سیرت وسوانح پر کتاب تالیف کی جا رہی ہے۔ قارئین کرام سے گزارش ہے کہ حضرت صاحبزادہ صاحب کی ذات با صفات سے متعلق کوئی بھی تجربہ ہو، یا کوئی واقعہ معلوم ہو تو براہ مہربانی اسے تحریر کر کے درج ذیل پتہ پر ارسال فرما کر ممنون فرمائیں۔ نیز اگر حضرت صاحبزادہ صاحب کی زندگی سے متعلق کسی بھی رسالہ یا جریدہ میں شائع ہونے والے مضمون کا علم ہو تو اس کی نقل یا حوالہ بھی ارسال فرما دیں۔

احمدیہ آرکائیو اینڈ ریسرچ سنٹر
22 Deer Park Road, London
SW19 3TL, UK
info@arcentre.net
مزید معلومات کیلئے 442085447674+

بچوں کے تربیتی مسائل پر ورکشاپ

نظارت تعلیم کے تحت بچوں کے تربیتی مسائل سے آگاہی کیلئے ایک ورکشاپ منعقد کی جا رہی ہے۔ جس میں ماہر نفسیات لیکچرز دیں گے۔ اس ورکشاپ میں مندرجہ ذیل حوالوں سے معلومات فراہم کی جائیں گی۔ ٹین ایج کے مسائل، اکیسویں صدی اور بالخصوص نوجوانوں کے مسائل اور نوجوانوں کی عمومی مشکلات۔

یہ ورکشاپ مورخہ 13 دسمبر 2015ء کو منعقد ہوگی۔ اس ورکشاپ میں شمولیت کے خواہشمند والدین جلد از جلد اپنی رجسٹریشن درج ذیل ای میل ایڈریس یا بذریعہ فون کروا لیں۔ رجسٹریشن کروانے کی آخری تاریخ 11 دسمبر 2015ء ہے۔ رجسٹریشن کروانے کے لئے کوائف نام، ایڈریس، فون نمبر اور ای میل درکار ہیں۔

Tel:0476212473
Mob:03339791321
Email:registration@njc.edu.pk

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

ادا ریہ

مسافروں کے حقوق۔حسن معاشرت کانمونہ

قرآن کریم نے ایک حق مسافر کا بھی قائم کیا ہے اور کئی بار ابن السبیل اور دوسرے الفاظ میں مسافروں کی خدمت کی تعلیم دی ہے۔ضیف یعنی مہمان سے اس کا فرق یہ ہے کہ ایک مہمان خصوصی طور پر آپ کے پاس قیام کے لئے آتا ہے اور عام طور پر اس کی جان پہچان ہوتی ہے۔کوئی نہ کوئی واسطہ یا تعلق ہوتا ہے۔مسافر وہ ہے جو راہ چلتے قیام پر مجبور ہو جائے اور محض فی سبیل اللہ اس کی خاطر مدارات کی جائے اور اس وقت وہ مسافر بھی ہوتا ہے اور مہمان بھی۔

ایک ہندو پنڈت موتی رام حضرت مسیح موعود کے اخلاق عالیہ کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے۔

1901ء یا 1902ء کا واقعہ ہے۔اپریل کا مہینہ تھا۔گورداسپور سے ایک بارات قادیان کے قریب ایک گاؤں میں گئی۔اس گاؤں کا نام مجھے یاد نہیں رہا۔اتنا یاد ہے کہ اس گاؤں میں سوم دت آریہ رہتا تھا۔جس کے ہاں ہم ٹھہرے تھے۔واپسی پر جب بارات مرزا صاحب کے مکان کے پاس سے گزری تو آپ نے بارات کو رکوالیا۔اس پر دولہا کا باپ خوف سے کانپنے لگا کہ نہ معلوم ہمیں یہاں کیوں روکا گیا ہے۔کیونکہ جناب مرزا صاحب کے خاندان کا بہت دور تک رعب تھا اور بڑی عزت تھی۔اس لئے اس نے خیال کیا کہ نہ معلوم جناب مرزا صاحب ہم پر ناراض ہوں گے۔مگر تھوڑی دیر کے بعد آپ نیچے تشریف لائے اور پانچ روپے اور ایک تھان ململ کا دلہن کو دے کر کہا چونکہ یہ لڑکی ہمارے مکان کے پاس سے گزری ہے اس لئے یہ لڑکی ہماری لڑکی ہے۔نیز باراتیوں کے لئے بھی ایک آدمی بھجوا کر ایک ہندو دکاندار کے ہاں سے مٹھائی کھلانے کا انتظام فرمایا۔

اس واقعہ کا میرے دل پر خاص اثر ہوا جو آج تک موجود ہے۔

(الفضل قادیان 24 نومبر 1943ء صفحہ 3)

اللہ تعالیٰ کے مامورین کے وسیع اخلاق مسافروں پر بھی سایہ شفقت ڈالتے ہیں اور وہ ان کی رحمت اور توجہ سے محروم نہیں رہتے۔جماعت احمدیہ میں بھی مسافر کی خدمت کے نمونے جگہ جگہ پھیلے پڑے ہیں۔خاص طور اس زمانہ میں جب سفر کی سہولتیں محدود تھیں اور لوگ پیدل یا جانوروں پر لمبے سفر کرتے اور تھک جاتے تھے اور کہیں رکنے پر مجبور ہوتے تھے۔تب احمدی ان کی خدمت کے لئے آگے آتے تھے اور رضاء الٰہی کماتے تھے۔

حضرت منشی عبدالکریم صاحب بٹالوی رفیق حضرت مسیح موعود نے 1897ء میں تحریری بیعت کی اور جنوری 1902ء میں ملاقات کا شرف حاصل کیا۔وہ کارخانہ بیلنا ریاست ناھن شاخ لدھیانہ میں منشی تھے۔انہوں نے ایک بار حضرت مسیح موعود سے دعا کی درخواست کی کہ میں کارخانہ کا انچارج بن جاؤں اور میرا تبادلہ بٹالہ ہو جائے تاکہ میں آتے جاتے مسافروں کی خدمت کیا کروں۔حضور نے دعا کی پہلے وہ انچارج ہو گئے اور 1915ء میں بٹالہ آگئے اور سات سال بٹالہ رہ کر قادیان آنے جانے والے مہمانوں کی خدمت کرتے رہے۔ (رجسٹر روایات جلد 5 صفحہ 155)

مکرم محمد اقبال رانجھا صاحب اپنے والد چوہدری غلام حضور رانجھا اور دادا چوہدری سردار خان کے ذکر میں لکھتے ہیں۔

گاؤں میں محترم دادا خان مولوی جی کے عرف سے معروف تھے۔بعد میں والد صاحب کا ڈیرہ بھی مولویوں کا ڈیرہ کہلانے لگا۔گاؤں میں آنے والے راہگیر یا مسافر کو ''مولویوں'' کے ڈیرے پر ہی کھانا اور بستر ملتا تھا۔آپ مسافر کی خدمت کر کے راحت محسوس کرتے تھے۔اگر مسافر شکریہ ادا کرتا تو فرماتے بھئی! یہ تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضرت امام مہدی کے لنگر کی برکت ہے۔اس پر آپ کا بھی اتنا حق ہے جتنا میرا۔وہ مسافر امام مہدی کے بارے میں استفسار کرتا۔اس طرح آپ کو دعوت الی اللہ کا موقع ملتا۔ (الفضل 27۔اگست 2014ء)

مکرم مظفر احمد درانی صاحب اپنی والدہ محترمہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کے متعلق لکھتے ہیں۔

آپ نے اپنے گھر کو نہایت سلیقہ سے چلایا۔والد صاحب کی کم آمدنی کے باوجود آپ نے اپنے گھر کی تمام ضروریات مناسب کفایت شعاری سے اسی سے پوری کیں۔حالانکہ بعض سنٹرز پر مہمانوں کی بھی بکثرت آمد ہوتی تھی۔مثلاً میانوالی سندھواں ضلع سیالکوٹ ارد گرد دور دور کے علاقہ کا بس سٹاپ تھا۔علاقے بھر کے احمدی مسافر وقت بے وقت آتے جاتے ہمارے ہاں ٹھہرتے اور سائیکل وغیرہ رکھا کرتے تھے۔والدہ محترمہ نہایت بشاشت سے اس ذمہ داری کو نبھاتی رہیں اور مہمانوں کی سہولت کا حتی المقدور خیال رکھا۔ہمارے والد صاحب کی مہمان نوازی اس پایہ کی تھی کہ جب بھی کوئی مہمان آجائے تو والد صاحب فوراً حسبِ موسم و وقت مہمان نوازی کا مطالبہ کر دیتے اور فوری لانے کا ارشاد فرماتے۔ان حالات میں والدہ محترمہ نے ہمیشہ والد صاحب کی عزت و لاج کو قائم رکھا اور فوری طور پر ماحضر پیش کر دیا کرتی تھیں۔ (الفضل 27۔اگست 2014ء)

مکرم شفیق الرحمٰن صاحب مربی سلسلہ اپنے والد ٹھیکیدار ولی محمد صاحب کے متعلق لکھتے ہیں۔

محترم والد صاحب کا خاندان اپنے گاؤں کھارا نزد قادیان میں شرافت اور ہر ایک سے ہمدردی و خیر خواہی میں مشہور تھا۔مہمان نوازی کی صفت بھی غیر معمولی طور پر نمایاں تھی۔محترم والد صاحب ایک واقعہ یوں بیان کیا کرتے تھے کہ ایک موقعہ پر ایک بارات کو جس نے کسی اگلے گاؤں جانا تھا لیکن راستے میں رات پڑ جانے کی وجہ سے وہ سفر جاری نہیں رکھ سکتے تھے چنانچہ اس بارات میں شامل سب افراد کو انہیں اپنے گھر ٹھہرانے اور ان کی مہمان نوازی کا موقعہ ملا۔ (الفضل 23 جون 2014ء)

مکرم راجہ مسعود احمد صاحب اپنے والد مکرم راجہ محمد نواز صاحب کے متعلق لکھتے ہیں۔

مہمان نوازی آپ کو ورثہ میں ملی تھی۔ان کا گھر مہمان نوازی کے لئے مشہور تھا۔کوئی مسافر راہ گزر۔سرکاری ملازم جس کو رہائش یا کھانے کی ضرورت ہوتی وہ بلا تکلف ان کے ہاں بغیر اطلاع چلا جاتا۔اس سلسلہ میں ٹھیکیداروں کی بیٹھک (مہمان خانہ) مشہور تھی۔ (الفضل 11 جنوری 2014ء)

مکرم ماسٹر احمد علی صاحب اپنی والدہ عائشہ بی بی صاحبہ کے متعلق لکھتے ہیں۔

چونکہ ہمارا گاؤں نصیر پور خورد پنڈی بھٹیاں سے بھیرہ جانے والی سڑک کے کنارے آباد ہے۔اس لئے مسافر عموماً رات بیت الذکر میں بسر کرتے تھے اور بیت الذکر ہمارے گھر کے قریب گلی کی دوسری جانب تھی اور اس کا چھوٹا سا دروازہ ادھر گلی میں کھوہی کی طرف بھی کھلتا تھا جب شام کو بے بے کو بیت الذکر میں مسافروں کا علم ہوتا تو مجھے روٹی پکڑا کر کہتیں جاؤ مسافروں کو دے آؤ میں اکیلا تاریکی میں جانے سے گھبرا کر ٹال مٹول کرتا تو خود ساتھ ہو کر چھوٹے دروازہ کے باہر کھڑے ہو کر آواز دیتی تھیں۔مسافرو! روٹی لے لو تو میں روٹی انہیں پکڑا دیتا تھا۔ (الفضل 30۔اگست 2014ء)

1912ء میں حاجی حافظ احمد اللہ کے ایک عزیز مکہ مکرمہ میں تھے۔وہ احمدی حجاج کی خصوصی طور پر خدمت کرتے تھے۔چنانچہ ان کی طرف سے یہ اعلان بدر میں شائع ہوا۔

حاجی حافظ احمد اللہ صاحب مہاجر قادیانی کے قریبی رشتہ دار حاجی محمد اعظم صاحب معلم جو مکہ معظّمہ میں رہتے ہیں۔احباب احمدیہ کی اطلاع کے واسطے شائع کراتے ہیں کہ مکہ میں حجاج کو ان کے مکان پر قیام کرنے سے بہت آرام حاصل ہو سکتا ہے۔ (بدر یکم اگست 1912ء صفحہ 2)

☆..........☆..........☆..........☆

مومن کی دعا

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ 2 مئی 2003ء کے خطبہ جمعہ میں ارشاد فرماتے ہیں:

''مومن کی دعا اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور فضلوں کی وجہ سے قبولیت کا درجہ پاتی ہے۔تو پھر بے اختیار مومن کا دل اللہ تعالیٰ کی حمد کے ترانے گانے لگتا ہے گزشتہ دنوں جس طرح پوری جماعت اللہ کے حضور گریہ وزاری کرتے ہوئے جھکی اور اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے ہماری خوف کی حالت کو امن میں بدل دیا اس پر حضرت مسیح موعود کی اس پیاری جماعت نے جس خوشی اور اللہ تعالیٰ کی حمد کا اظہار کیا ہے وہ اس جماعت کا ہی خاصہ ہے آج پوری دنیا میں سوائے اس جماعت کے کہیں یہ اظہار نہیں مل سکتا حضرت اقدس مسیح موعود کی سچائی کا اس دور میں یہی نشان کافی ہے دل اللہ کی حمد سے بھر جاتا ہے کس طرح ایک شخص جو سینکڑوں، ہزاروں میل دور ہے صرف اور صرف خدا کی خاطر خلیفہ وقت سے اظہار محبت و پیار کر رہا ہے اور یہی صورت ادھر بھی قائم ہو جاتی ہے، ایک بجلی کی رو کی طرح فوری طور پر وہی جذبات جسم میں سرایت کر جاتے ہیں لیکن ان جذبات اور احساسات کو ہم نے وقتی نہیں رہنے دینا بلکہ دعا اور اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ اس کی اعلیٰ سے اعلیٰ مثالیں قائم کرنے کا عہد کرنا چاہئے۔ (روزنامہ الفضل 8 جولائی 2003ء)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ جاپان

3

افتتاح بیت الاحد، خطبہ جمعہ، TV اور نیوز ایجنسی کے لئے انٹرویو، مہمانوں کے تاثرات اور میڈیا کوریج

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

20 نومبر 2015ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نماز فجر کے لئے صبح پانچ بجکر دس منٹ پر ہوٹل سے روانہ ہوئے اور ساڑھے پانچ بجے بیت الاحد تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد سوا چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے آئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

افتتاح بیت الاحد

آج جمعۃ المبارک کا دن تھا۔ آج کا یہ مبارک دن جماعت احمدیہ جاپان کی تاریخ میں ایک تاریخی دن کی حیثیت رکھتا ہے۔ آج نماز جمعہ کے ساتھ جاپان کی سرزمین پر تعمیر ہونے والی پہلی احمدیہ بیت الذکر بیت الاحد کا باقاعدہ افتتاح ہو رہا تھا۔ صبح گیارہ بجے سے ہی احباب جماعت مرد و خواتین، بچے بچیاں بوڑھے جوان بیت پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔ آج ہر ایک خوشی و مسرت سے معمور تھا۔ 1935ء میں جاپان میں پہلے مربی سلسلہ تشریف لائے تھے اور جماعت احمدیہ کے قیام کا آغاز ہوا تھا۔ آج اسّی سال کے طویل انتظار کے بعد یہ بہت ہی خیر و برکت والا اور مبارک دن آیا تھا جب جماعت جاپان کو، جاپان کی اس سرزمین پر جس کے باشندے بہت سے خداؤں کے قائل ہیں، خدائے واحد و یگانہ کے گھر کی تعمیر اور اس کے افتتاح کی توفیق مل رہی تھی۔

آج کی اس افتتاحی تقریب میں ہمسایہ ملک کوریا اور اس کے علاوہ انڈونیشیا، ملائشیا، برما، برطانیہ، جرمنی، سوئٹزرلینڈ، امریکہ، آسٹریلیا، شارجہ، دبئی، کانگو کنشاسا سے احباب جماعت اور وفود شمولیت کے لئے پہنچے تھے۔ انڈونیشیا سے 30 افراد اور ملائشیا سے 26 افراد پر مشتمل وفد آیا تھا۔ آسٹریلیا سے آنے والوں کی تعداد دس سے زائد تھی۔

میڈیا کوریج

MTA انٹرنیشنل کی ٹیم لندن سے بیت الاحد کی اس افتتاحی تقریب اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دورہ جاپان کی کوریج کے لئے یہاں پہنچی ہوئی تھی۔ بیت الاحد سے آج دنیا بھر میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ Live نشر ہو رہا تھا۔ Live نشریات شروع ہو چکی تھیں اور بیت کے مختلف مناظر دکھائے جا رہے تھے۔

جاپان کا الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا بھی بیت کے افتتاح کی کوریج کے لئے پہنچ چکا تھا۔ Chukyo TV چینل، Tokai TV چینل، TBS ٹی وی چینل، Nagoya ٹی وی چینل، TV Aichi چینل اور دیگر نیوز ایجنسیز کے نمائندے اور جرنلسٹ سبھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آمد کے منتظر تھے۔

ساڑھے بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی قیامگاہ سے باہر تشریف لائے اور بیت الاحد کے لئے روانگی ہوئی۔ ایک بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بیت الاحد تشریف آوری ہوئی۔

تختی کی نقاب کشائی

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت کی بیرونی دیوار میں نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور بعدازاں دعا کروائی۔ میڈیا کے تمام نمائندگان اور جرنلسٹس نے اس تقریب کو بھی کوریج دی۔

اس موقع پر 49 کے قریب جاپانی مہمان بھی شامل ہوئے۔ ان کے علاوہ ترکی اور سری لنکا سے تعلق رکھنے والے بارہ غیر از جماعت افراد بھی شامل ہوئے۔

جاپانی مہمانوں میں Osamu Sekiguchi (ڈائریکٹر آف پبلک افیئرز چرچ آف Jesus Christ)، Taijun Sato صاحب (پریسٹ Soto Zen ٹمپل)، Yamazaki Akihisa صاحب (ممبر پارلیمنٹ Nagakute سٹی)، Shouji Yoshiaki (ممبر پارلیمنٹ Ishinomaki سٹی)، پروفیسر Minesaki Hiroko صاحب Aichi ایجوکیشنل یونیورسٹی اور دوسرے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل تھے۔

خطبہ جمعہ

تختی کی نقاب کشائی کے پروگرام کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت کے اندر تشریف لے آئے اور خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

تشہد، تعوذ، تسمیہ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سورۃ الحج کی آیت 42 کی تلاوت فرمائی اور ترجمہ پیش فرمایا۔ (حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس خطبہ جمعہ کا خلاصہ روزنامہ الفضل مورخہ 24 نومبر 2015ء میں شائع ہو چکا ہے)

خطبہ جمعہ کا مکمل متن حسب طریق الفضل میں الگ شائع ہوگا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ دو بجے تک جاری رہا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز جمعہ کے ساتھ نماز عصر جمع کر کے پڑھائی۔

حضور انور کا TV چینل کے لئے انٹرویو

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے آئے۔ جہاں پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق Chukyo TV چینل کے جرنلسٹ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انٹرویو لیا۔

اس ٹی وی چینل کے ناظرین کی تعداد ایک کروڑ 20 لاکھ ہے۔

جرنلسٹ نے پہلا سوال یہ کیا کہ جاپان میں غیر از جماعت کی سو کے قریب مساجد ہیں۔ جماعت احمدیہ کی یہاں پہلی بیت تعمیر ہوئی ہے۔ اس بارہ میں حضور انور کے کیا تاثرات ہیں؟

اس سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا میں نے اپنے خطبہ جمعہ میں اس کا ذکر کیا ہے۔ یہاں سو سے زیادہ مساجد ہیں۔ صرف (بیت) تعمیر کر دینا کافی نہیں۔ اصل یہ ہے کہ آپ اپنی (بیت) سے کس طرح (دین) کی سچی اور حقیقی تعلیم دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔ ہماری (بیوت) صرف عبادت کی خاطر جمع ہونے کے لئے نہیں ہیں بلکہ اس لئے ہیں کہ یہاں پانچ نمازوں کی ادائیگی کے علاوہ (دین) کی امن و سلامتی کی تعلیم پھیلائی جائے اور لوگ اپنے خدا کو پہچانیں اور خدائے واحد کی عبادت کریں اور خدا کے حضور ادا کریں اور دوسرے یہ کہ ایک انسان دوسرے انسان کے حقوق ادا کرے۔ پس ہماری (بیوت) ان دونوں مقاصد کے لئے ہیں، ان دونوں فرائض کی ادائیگی کے لئے ہیں۔

جرنلسٹ نے سوال کیا کہ پیرس (فرانس) میں دہشت گردی کا واقعہ ہوا ہے۔ IS کی وجہ سے دین کا امیج بدلتا جا رہا ہے۔ اس بارہ میں حضور کیا کہتے ہیں؟

اس سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا پیرس میں جو واقعہ ہوا ہے انتہائی غلط ہوا ہے۔ میں اس کو Condemn کرتا ہوں۔ جو لوگ اس واقعہ میں ملوث ہیں ان کے اس فعل کا (دین) سے کوئی تعلق نہیں۔ جو کچھ بھی ہوا ہے (دین) کی تعلیم کے خلاف ہے۔

میں نے اس واقعہ کے فوراً بعد پریس ریلیز جاری کروائی تھی اور اس واقعہ کو Condemn کیا تھا۔ (دین) امن، رواداری اور بھائی چارہ کا مذہب ہے۔ (دین) کا نام استعمال کرنا غلط ہے۔

حضور انور نے فرمایا (دین) کے نام پر جو کچھ کر رہے ہیں۔ (دین) کو بدنام کرنے کے لئے کر رہے ہیں۔ (دین) کسی بے گناہ کی زندگی لینے کی اجازت نہیں دیتا۔

حضور انور نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو جب اپنا دفاع کرنے کی اجازت دی تو اس صورت میں دی کہ جو تمہارا مذہب، تمہارا دین تباہ کرنا چاہتا ہے تو اس کے خلاف جنگ کرو۔ قرآن کریم کہتا ہے کہ وہ لوگ جو مذہب کے خلاف ہیں اور مذہب کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ اگر ان کے حملوں کو نہ روکا گیا۔ اگر ان کے خلاف قدم نہ اٹھایا گیا تو صرف یہی نہیں کہ تم مسجدوں کو یا اپنی عبادت کی جگہوں کو ختم کر لو گے بلکہ ان مخالف لوگوں کو مذہب پر حملے کرنے کی آزادی دی تو پھر نہ کوئی چرچ سلامت رہے گا نہ کوئی Synagogue سلامت رہے گا نہ کوئی اور عبادت خانہ سلامت رہے گا۔ پس خدا تعالیٰ نے یہ تعلیم دی کہ تم نے صرف اپنے مذہب اسلام کی حفاظت نہیں کرنی بلکہ ہر مذہب کی حفاظت کرنی ہے۔

حضور انور نے فرمایا: پھر جنگ کی بھی شرائط ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے یہ تعلیم دی کہ جب دفاعی جنگ بھی کرنی پڑے تو پھر بھی عورتوں، بچوں، بوڑھوں اور مذہبی راہنماؤں کو نہیں مارنا۔ کسی بے گناہ شخص کو نہیں مارنا، پس (دین) کی تو یہ تعلیم ہے۔

حضور انور نے فرمایا: IS جو حملے کر رہی ہے ان کا (دین) کی تعلیم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہ جو کچھ بھی کر رہے ہیں غلط کر رہے ہیں۔ میں نے اپنے انٹرویوز اور ایڈریسز میں اس کا بڑی تفصیل سے ذکر کیا ہے۔

جرنلسٹ نے ایک سوال یہ کیا کہ IS مختلف ممالک میں جو کارروائیاں کر رہی ہے اس وجہ سے جاپان میں دین کا ایک منفی چہرہ سامنے آ رہا ہے؟

اس سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا صرف جاپان میں ہی نہیں بلکہ IS کی کارروائیوں کی وجہ سے ساری دنیا میں (دین) کا امیج (Image) بگڑا ہے۔

جاپان کے دو جرنلسٹ انہوں نے مارے ہیں تو جاپانی لوگوں کو اس کا بہت دکھ پہنچا ہے۔ ان کے اس دکھ کا میں احساس کرتا ہوں۔

ہم احمدی (دین) کے اس برے امیج کو دور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ (دین) کی سچی اور حقیقی تعلیمات بتا کر ہم (دین) کا خوبصورت چہرہ

DJapan
3

دنیا کو دکھا رہے ہیں۔

قرآن کریم اس بات کی ہرگز اجازت نہیں دیتا کہ بے گناہ لوگوں کو مارو، عورتوں اور بچوں کو مارو۔ قرآن کریم نے یہ بھی تعلیم دی کہ مذہبی جگہوں کو تباہ نہ کرو۔ آنحضرت ﷺ، خلفاء راشدین اور بعد کے زمانہ میں بھی جو بادشاہت کا زمانہ ہے۔ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ مذہبی جگہوں اور مقامات کو تباہ کیا گیا ہو۔ اب جو کچھ ہو رہا ہے اور مذہبی جگہیں تباہ کی جارہی ہیں یہ سب (دینی) تعلیم کے خلاف ہو رہا ہے اور میں اس کو ایک لمبے عرصہ سے Condemn کر رہا ہوں اور دنیا کو بتا رہا ہوں کہ اگر اس کو اب نہ روکا گیا تو پھر یہ معاملہ بہت آگے بڑھے گا اور پھر اس کی کوئی حد نہیں رہے گی۔

جرنلسٹ نے عرض کیا کہ حضور انور کا پیس سمپوزیم (Peace Symposium) 2014ء کا جو خطاب تھا وہ میں نے سنا ہے۔ حضور انور نے فرمایا ہے کہ جو بڑے ممالک ان تنظیموں کو سپورٹ کر رہے ہیں وہ ان کی فنڈنگ ختم کریں اور ان کو جو ہتھیار سپلائی ہو رہے ہیں، یہ سپلائی روکیں، یہ بڑا اچھا ذریعہ ہے دہشت گردوں کے حملوں سے بچنے کا۔ مجھے اس بات کی سمجھ آ گئی ہے۔

اس پر حضور انور نے فرمایا صرف 2014ء میں ہی نہیں بلکہ اس سے پہلے بھی اور بعد میں بھی کئی مواقع پر کہہ چکا ہوں کہ ان کی فنڈنگ ختم کریں۔ اگر رشیا، ایران اور دوسروں پر پابندیاں لگا سکتے ہو تو ان پر کیوں نہیں لگائی جاسکتیں۔ ان کی اکانومی پر بھی پابندی لگائی جاسکتی ہے۔ پابندی لگائیں اور فنڈنگ روکیں۔ ان کے ساتھ جو تیل کی تجارت ہو رہی ہے اور جو بینک کے ذریعہ یا دوسرے ذرائع سے رقم کی ترسیل ہو رہی ہے اس کو روکیں اور اسی طرح ان کو جو ہتھیار سپلائی کئے جا رہے ہیں۔ ان کو یہ ہتھیار نہ دیں اور ان کی سپلائی لائن کاٹیں۔ ان کے پاس ہتھیار بنانے کی کوئی انڈسٹری نہیں ہے اس لئے جو کسی جگہ پر ان کو ہتھیار دیئے جانے کی کارروائی ہو رہی ہے اس کو روکا جائے اور بڑی طاقتیں ان کی یہ سپلائی لائن کاٹ سکتی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا: IS کے ایریا میں جو تیل کے سورسز ہیں جہاں سے یہ بعض ملکوں کو تیل سپلائی کرتے ہیں۔ بڑے بڑے ٹینکر میں تیل سپلائی کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ان پر پانچ ہزار سے زائد حملے کئے گئے لیکن تیل کی ٹینکروں کی لائنوں پر صرف 196 حملے کئے گئے اور وہ بھی صحیح نہیں۔ پھر کیا ان کو آئل بیچنے سے روکا گیا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ حکومتیں سنجیدہ نہیں ہیں۔

حضور انور نے فرمایا: اب پیرس (فرانس) کے واقعہ کے بعد بعض قدم اٹھائے گئے ہیں اور ان کے ٹارگٹ پر کامیابی سے حملے ہو رہے ہیں اب ان حکومتوں نے سنجیدگی کے ساتھ اس معاملہ کو اٹھایا ہے۔

ٹی وی چینل Chukyo کے جرنلسٹ کے ساتھ یہ انٹرویو تین بجے تک جاری رہا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز تین بجکر چالیس منٹ پر واپس ہوٹل تشریف لے آئے۔

پروگرام کے مطابق چھ بجکر پینتالیس منٹ پر بیت الاحد کے لئے روانگی ہوئی اور سات بجکر پندرہ منٹ پر بیت الاحد تشریف آوری ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے آئے۔

نیوز ایجنسی کے لئے انٹرویو

Sana News ایجنسی کے ایک صحافی Michal Penn صاحب حضور انور کے انٹرویو کے لئے آئے ہوئے تھے۔

صحافی نے پہلا سوال یہ کیا کہ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ میں فرمایا ہے کہ جاپان میں (-) آزادی کے ساتھ مذہبی کام کر سکتے ہیں۔ تو اس سے حضور کی کیا مراد ہے؟

اس پر حضور انور نے فرمایا میں نے احمدیوں کے حوالہ سے بات کی تھی کہ پاکستان میں ان پر پابندیاں ہیں۔ ننانوے فیصد احمدی پاکستان میں ہیں۔ پاکستان میں ہم اپنی (بیت) کو (بیت) نہیں کہہ سکتے۔ کسی دوسرے کو السلام علیکم نہیں کہہ سکتے۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی پابندیاں ہیں میں نے ان کو کہا کہ یہاں جاپان میں تم آزاد ہو۔ یہاں تم پر کوئی پابندی نہیں۔ اس لئے تم خدا کا شکر کرو کہ خدا نے تمہیں آزادی دی ہے کہ جس طرح تم چاہو اپنے مذہب پر، اپنے دین پر عمل کرو۔

صحافی نے سوال کیا کہ یہاں احمدی کمیونٹی کی تعداد کم ہے غالباً تین صد کے قریب ہے۔ آپ آئندہ دس، بیس سال میں کیا دیکھتے ہیں؟

اس سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا ہم ایک مشنری آرگنائزیشن ہیں اور مسلسل بڑھنے والی کمیونٹی ہیں۔

جب حضرت اقدس مسیح موعود نے 1889ء میں دعویٰ کیا اس وقت آپ اکیلے تھے اور پنجاب (انڈیا) میں قادیان جیسے چھوٹے سے گاؤں میں رہتے تھے۔ 1908ء میں آپ کی وفات ہوئی جب آپ فوت ہوئے تو آپ کو ماننے والوں کی تعداد نصف ملین تھی۔ اب اکیلا آدمی 19 سال میں نصف ملین تک پہنچ گیا۔ تو ہم امید رکھتے ہیں کہ یہاں بھی ہم کامیاب ہوں گے۔ ہمارا کام (دعوت الی اللہ) کرنا ہے۔ دل تبدیل کرنا ہمارا کام نہیں ہے۔ یہ خدا تعالیٰ کا کام ہے۔

حضور انور نے فرمایا جاپانی اچھے لوگ ہیں۔ سچا مذہب اور سچی تعلیم ان کے دل بدلے گی۔ ایک دن یہ نہیں تو ان کی جنریشن قبول کرے گی۔ ایک دن یہ لوگ Realize کریں گے اور مجھے امید ہے کہ ہم ایک دن کامیاب ہوں گے۔

صحافی نے سوال کیا کہ اس بیت کی تعمیر کے حوالہ سے آپ کیا کہتے ہیں؟

اس سوال کے جواب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یہ (بیت) ہمارے لئے ترقی کا ایک سنگ میل ہے۔ یہ ہماری پہلی (بیت) ہے اور جاپان میں جوں جوں ہماری کمیونٹی بڑھے گی ہم اور (بیوت) بھی بنائیں گے۔ ہماری اس (بیت) سے رواداری، بھائی چارہ اور امن وسلامتی کا پیغام پھیلے گا۔

صحافی کے ایک سوال کے جواب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ دوسرے ...... کا یہ عقیدہ ہے کہ خدا تعالیٰ اب کلام نہیں کرتا۔ ہم کہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ اسی طرح کلام کرتا ہے جس طرح پہلے کرتا تھا۔ آپ خدا تعالیٰ کی صفات پر پابندی نہیں لگا سکتے کہ وہ پہلے یہ یہ کرتا تھا اور اب نہیں کر سکتا۔ یہ درست نہیں ہے۔

حضور انور نے فرمایا ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ وحی کا دروازہ کھلا ہے خدا تعالیٰ اپنے بندوں سے کلام کرتا ہے۔ اگر خدا تعالیٰ اپنے بندوں سے کلام نہیں کرتا تو پھر وہ مردہ مذہب ہے۔ آپ کا دین ہی ختم ہو جاتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا خدا تعالیٰ مذہب کے احیائے نو کے لئے انبیاء بھیجتا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے پیشگوئی فرمائی تھی کہ (دین) پر ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا کہ (دین) کا صرف نام رہ جائے گا ...... ہم یہ مانتے ہیں کہ جس زمانہ کے بارہ میں پیشگوئی فرمائی تھی کہ (دین) پر وہ سنگین زمانہ ہوگا وہ آچکا ہے اور ہم یقین رکھتے ہیں کہ جس مسیح موعود اور امام مہدی نے (دین) کی نشاۃ ثانیہ کے لئے آنا تھا وہ بھی آچکا ہے۔ ہمارے نزدیک حضرت مرزا غلام احمد قادیانی ہی وہ امام مہدی اور مسیح موعود ہیں جس کی خبر آنحضرت ﷺ نے اپنی پیشگوئی میں دی تھی۔

آپ نے خدا تعالیٰ سے خبر پا کر یہ اعلان کیا کہ میں (دین) کے احیائے نو کے لئے آیا ہوں اور (دین) کی سچی اور حقیقی تعلیم کو پھیلانے کے لئے آیا ہوں۔ قرآن کریم کی تعلیم کی اشاعت کے لئے آیا ہوں اور وہ غلط عقائد جو (-) میں دین سے دوری کی وجہ سے پیدا ہو چکے تھے ان کی اصلاح کے لئے آیا ہوں۔ تمہاری غلطیوں کی اصلاح کے لئے آیا ہوں۔ حضور انور نے فرمایا پس اگر کوئی مذہب اس خدا کا قائل ہے جو کلام نہیں کرتا تو وہ مردہ مذہب ہے۔

جرنلسٹ نے سوال کیا کہ بعض انتہاء پسند لوگ دین کا نام استعمال کر کے دہشت گردی کی کارروائیاں کر رہے ہیں؟

اس پر حضور انور نے فرمایا جو لوگ (دین) کا نام استعمال کر کے (دین) کو بدنام کر رہے ہیں ان کے اس فعل کا (دین) کی تعلیمات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

حضور انور نے فرمایا حضرت اقدس مسیح موعود کی آمد کا یہی مقصد تھا کہ (دین) کو از سر نو زندہ کریں۔ آپ نے فرمایا میں اس لئے آیا ہوں کہ مخلوق اپنے رب کو پہچانے اور اس کے حقوق ادا کرے اور ایک انسان دوسرے انسان کے حقوق ادا کرے۔ آپ نے فرمایا کہ میں (دین) کی سچی اور حقیقی تعلیمات بتانے آیا ہوں اور غلط تعلیم کی اصلاح کرنے آیا ہوں۔ چنانچہ جماعت احمدیہ مسلسل (دین) کی اصل اور حقیقی تعلیم دنیا کے سامنے پیش کر رہی ہے۔

حضور انور نے فرمایا میں نے اپنے مختلف ایڈریسز میں قرآن کریم سے بہت سی آیات پیش کی ہیں جو ان انتہاء پسندوں کے عمل کو بیانات کو غلط ثابت کرتی ہیں اور یہ ظاہر کرتی ہیں کہ ان کے عمل (دینی) تعلیم کے خلاف ہیں۔

یہ انٹرویو پونے آٹھ بجے تک جاری رہا۔

ملاقاتیں

بعدازاں پروگرام کے مطابق بیرونی ممالک سے آنے والے احباب کی ملاقاتیں ہوئیں۔ آج ملاقات کرنے والوں میں دبئی، شارجہ، انڈونیشیا، آسٹریلیا، کوریا اور امریکہ سے آنے والے مہمان شامل تھے۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام پونے دس بجے تک جاری رہا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت میں تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائی۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

مہمانوں کے تاثرات

آج نقاب کشائی کی تقریب اور نماز جمعہ کے موقع پر شنٹوازم، بدھسٹ اور عیسائی راہنماؤں کے علاوہ ممبران پارلیمنٹ اور دیگر جاپانی مہمان شامل ہوئے تھے۔ ان جاپانی مہمانوں کی تعداد 49 تھی۔ ان کے علاوہ ترکی اور سری لنکا سے تعلق رکھنے والے بارہ غیر از جماعت افراد شامل ہوئے۔

ان میں سے بعض مہمانوں نے اس تقریب کے حوالہ سے اپنے تاثرات کا بھی اظہار کیا۔

Osamu Sekiguchi صاحب جو چرچ آف Jesus Christ کے ڈائریکٹر آف پبلک افیئرز ہیں، انہوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

جماعت احمدیہ جاپان کو بیت کی مبارک باد۔ ہمیں امید ہے کہ یہ بیت جاپانیوں اور دین کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرے گی۔

Taijun Sato صاحب جو کہ Soto Zen Temple Resident پریسٹ ہیں انہوں نے کہا:

ایک بدھسٹ کے طور پر بیت میں داخل ہو کر بہت اچھا لگا۔ ہمارا تو خیال تھا کہ غیر مسلم اور بدھسٹ کے طور پر بیت میں داخلہ منع ہوگا۔ لیکن نہ صرف یہ کہ گرمجوشی سے ہمارا استقبال کیا گیا بلکہ نماز اور خطبہ میں شامل ہو کر ہمیں دلی خوشی ہوئی۔ بیت کے بارہ میں تاثر تبدیل ہو گیا۔

Nagakute سٹی کے ممبر پارلیمنٹ Yamazaki Akihisa صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

Talha
1969

DJapan
3

ہم اپنے علاقہ میں بیت کی تعمیر کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ جماعت احمدیہ کے مؤقف کے مطابق یہ بیت انسانیت سے محبت کرنے والوں اور خدمت خلق پر یقین رکھنے والے لوگوں کا مرکز بنے گی۔

Ishinomaki سٹی کے ممبر پارلیمنٹ Shouji Yoshiaki صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

میں ایک ہزار کلومیٹر کا سفر طے کر کے بیت کی تقریب میں شامل ہوا ہوں۔ ایک خوبصورت بیت دیکھتے ہی ساری تھکان دور ہوگئی۔

موصوف نے کہا:

جماعت احمدیہ جاپان نے زلزلوں میں خدمت کے ذریعہ جو نیک نامی کمائی ہے، امید ہے کہ یہ بیت اس نیک نامی کو بڑھانے کا ذریعہ بنے گی۔

Aichi ایجوکیشنل یونیورسٹی کے پروفیسر Minesaki Hiroko صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

جاپان میں جماعت احمدیہ کی بیت کی تعمیر کی بہت ضرورت تھی۔ دنیا میں دین کا خوبصورت چہرہ دکھانے کے لئے جماعت احمدیہ کا کردار بہت نمایاں ہے۔ ہم امید رکھتے ہیں کہ اس بیت سے جماعت کا تعارف مزید بڑھے گا اور دنیا میں حقیقی امن وسکون پھیلے گا۔

ٹی وی کوریج

آج بیت کی افتتاحی تقریب کے موقع پر درج ذیل پانچ ٹی وی چینلز کوریج کے لئے آئے ہوئے تھے۔

Chukyo TV، Tokai TV، TBS TV، Nagoya TV اور Aichi TV کوریج کی مختصر رپورٹ درج ذیل ہے۔

Chukyo TV: اس کے ناظرین کی تعداد ایک کروڑ بیس لاکھ ہے۔ اس چینل نے جمعہ کی شام اپنے پرائم ٹائم میں 6 سے 7 منٹ کی خبر دیتے ہوئے بتایا کہ:

جاپان کی سب سے بڑی (بیت الذکر) کا افتتاح آج ہوا۔

لندن سے تشریف لائے ہوئے جماعت احمدیہ کے امام نے دہشت گرد تنظیموں کے دین سے بے تعلق ہونے اور ان کے عمل کو غیر دینی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ بیت جہاں مومنوں کی عبادت کی جگہ ہے وہاں ہر ایک کے لئے امن کا گہوارہ ہے۔ امام جماعت احمدیہ نے پیرس حملوں کی بھرپور مذمت کی۔

اس چینل نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انٹرویو بھی لیا تھا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے انٹرویو میں سے چنیدہ حصے نشر کئے گئے۔

Tokai TV: اس کے ناظرین کی تعداد بھی ایک کروڑ بیس لاکھ ہے۔ اس چینل نے دن میں چار پانچ مرتبہ خبر نشر کی کہ:

جاپان کی سب سے بڑی بیت کا آج تسوشیما شہر میں افتتاح ہوا ہے۔ افتتاح پیرس میں حملوں کے بعد ہوا ہے۔ جماعت احمدیہ کے امام اس وقت مرکز انگلینڈ سے یہاں اس تقریب کے لئے تشریف لائے ہوئے تھے۔

افتتاح کی خبر کے دوران حضور انور کے خطبہ جمعہ اور افتتاح کرنے کے مناظر مسلسل دکھائے جاتے رہے۔

TBS TV: اس ٹی وی چینل کے ناظرین کی تعداد ایک کروڑ سے زائد ہے۔ اس چینل نے خبر نشر کرتے ہوئے کہا:

پیرس حملوں کو ابھی ایک ہفتہ ہوا ہے اور جاپان میں سب سے بڑی بیت کا افتتاح آج عمل میں آیا ہے۔ یہ بیت ایک جماعت نے بنائی ہے جس کے دنیا بھر میں 2 کروڑ سے زائد ممبر ہیں۔ خلیفۃ المسیح نے پیرس میں ہونے والے حملوں کو غیر دینی اور غیر انسانی قرار دیا ہے۔

خبر کے دوران بیت کے مناظر دکھائے گئے اور حضرت اقدس مسیح موعود کی تصویر بھی دکھائی گئی۔ یہ خبر دن میں تین مرتبہ نشر کی گئی۔

Nagoya TV: اس چینل کے ناظرین کی تعداد بھی ایک کروڑ بیس لاکھ ہے۔ اس ٹی وی چینل نے خبر نشر کرتے ہوئے کہا:

تسوشیما میں جاپان کی سب سے بڑی بیت کا افتتاح عمل میں آیا۔ حاضرین کا کہنا تھا کہ جہاں ان کے دل اس بات پر خوش ہیں کہ یہ بیت بنی ہے وہیں وہ اس بات پر رنجیدہ بھی ہیں کہ پیرس میں ناحق خون بہایا گیا۔ اس تقریب میں دنیا کے امن وامان کے لئے دعا بھی کی گئی۔

خبر کے دوران بیت کے مناظر مسلسل دکھائے جاتے رہے۔ یہ خبر 2 مرتبہ نشر کی گئی۔

TV Aichi: اس چینل کے ناظرین کی تعداد ایک کروڑ 15 لاکھ سے زائد ہے۔ اس چینل پر درج ذیل مضمون پر مشتمل خبر نشر کی گئی۔

پیرس حملوں کے بعد جبکہ (دین) کے بارہ میں منفی تاثر دوبارہ پختہ ہوگیا ہے تسوشیما میں ایک بیت کا افتتاح کیا گیا ہے۔ یہ بیت جماعت احمدیہ نے بنائی ہے اور یہ جاپان کی سب سے بڑی بیت ہے۔ خلیفۃ المسیح نے پیرس حملوں کو غیر دینی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بیت ایسے تمام عناصر کی مذمت کرتی ہے۔ یہ بیت امن وامان کا ذریعہ ہوگی جو چاہے اس بیت میں آسکتا ہے۔

خبر کے دوران بیت کے مناظر اور دیگر احباب کے تاثرات دکھائے گئے۔ خطبہ جمعہ کے بعض مناظر بھی نشر کئے گئے۔ یہ خبر دوپہر اور شام کی خبروں میں نشر کی گئی۔

صرف ان ٹی وی چینلز کی کوریج کے ذریعہ ایک کروڑ تیس لاکھ افراد تک حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے الفاظ میں احمدیت کا پیغام پہنچا ہے، جبکہ جماعت احمدیہ جاپان کی 80 سالہ تاریخ میں ایسا واقعہ پہلے کبھی رونما نہیں ہوا۔

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

سنگ بنیاد بیت الصادق جرمنی حضور انور کا خطاب

14۔اکتوبر 2015ء سوال و جواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

س: حضور انور نے بیوت الذکر کی تعمیر کا مقصد کیا بیان فرمایا ہے؟

ج: فرمایا! آج یہاں کی جماعت اپنی بیت الذکر کی بنیاد رکھ رہی ہے اور یہ بیت الذکر ان بنیادوں پر قائم کی جارہی ہے کہ ایسے لوگ پیدا ہوں جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے ہوں ایسے لوگ پیدا ہوں جو خدا تعالیٰ کے فرمانبردار ہوں۔ حضرت مسیح موعود کو دو مقاصد کے پورا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے بھیجا ہے اور وہ یہ ہیں کہ ایک خدا تعالیٰ کا حق ادا کرو اس کی عبادت کا حق ادا کرو اس کی طرف توجہ کرو۔ دوسرے یہ کہ ہر انسان دوسرے انسان کے حق ادا کرے۔ اگر ان کی طرف توجہ پیدا ہو جائے تو دنیا میں محبت اور پیار پیدا ہو جاتا ہے ہر قسم کی نفرتیں دور ہوتی ہیں پس ان نفرتوں کو دور کرنے کے لئے بیوت الذکر کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔

س: روحانی پانی کیسے ملتا ہے اور اس کا فائدہ کیا ہے؟

ج: فرمایا! پانی جو ہے وہ زندگی کی ایک علامت ہے اور زندگی کے لئے ضروری ہے جس طرح یہ مادی پانی زندگی کے لئے ضروری ہے اسی طرح ایک پانی خدا تعالیٰ بھی اتارتا ہے جو روحانی پانی ہوتا ہے اور وہ پانی اللہ تعالیٰ اپنے انبیاء اور فرستادوں کے ذریعہ بھیجتا ہے جو دنیا کو روحانی لحاظ سے زندہ کرتے ہیں اور ان کی زندگی کے سامان پیدا کرتے ہیں اور پھر دنیا کو نیکیوں کی طرف توجہ دلاتے ہیں ان کو ان کے حقوق کی طرف توجہ دلاتے ہیں جیسا کہ میں نے کہا خدا تعالیٰ کا حق ادا کرنا اور بندہ کا حق ادا کرنا اور جب ان کی طرف توجہ دلاتے ہیں تو پھر ایک محبت اور پیار کی فضا ہر طرف پیدا ہو جاتی ہے۔

س: حضور انور نے خدا تعالیٰ کے رب العالمین ہونے کے حوالہ سے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا!: ہم یہ یقین رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے تمام جہانوں کا رب ہے تمام مخلوق کا رب ہے تمام انسانوں کا رب ہے ہر انسان چاہے وہ (مومن) ہے عیسائی ہے یہودی ہے یا کسی بھی مذہب کا ہے یا بعض دفعہ ایسے بھی جو کسی بھی مذہب سے تعلق نہیں رکھتے ان کا بھی رب ہے کیونکہ دنیا میں جو چیزیں میسر ہیں جس سے انسان فائدہ اٹھا سکتا ہے وہ سب ہمارے ایمان کے مطابق اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ اور عطا کردہ ہیں پس ہر انسان جو اس دنیا کی نعمتوں سے فائدہ اٹھا رہا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کی وجہ سے ہی فائدہ اٹھا رہا ہے۔

س: حضور انور نے انسانوں کا گھر بنانے اور اللہ تعالیٰ کا گھر بنانے کا کیا مقصد بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! یہاں رہنے والے کا اپنا ایک گھر ہے گھر کس لئے بنایا جاتا ہے؟ اس لئے کہ ایک تحفظ اس کو فراہم ہو موسم سے اور ماحول کے جو دوسرے بداثرات ہیں ان سے بھی تحفظ فراہم ہو۔ اگر ماحول صاف بھی ہو تب بھی بعض چیزیں ایسی ہوتی ہیں کو کسی نہ کسی طرح نقصان پہنچا سکتی ہیں جانور ہیں یا دوسری چیزیں ہیں اس سے انسان کو نقصان پہنچتا ہے اس لئے انسان ایک تحفظ کے لئے اپنی رہنے کی جگہ بناتا ہے اور پھر سب سے بڑھ کر یہ کہ ایک گھر میں میاں بیوی اور بچے رہ کر ایک خاندان اکٹھا ہو کر جمع ہو کر اپنے لئے ایک سکون کے سامان پیدا کرتا ہے اور وہ گھر اس بات کی نشانی ہوتی ہے کہ یہاں رہنے والے پیار محبت اور سکون سے رہنے والے ہیں پس اسی طرح جب ہم خدا تعالیٰ کا گھر بناتے ہیں تو وہ بھی اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے جمع ہوں اور اس لئے جمع ہوں کہ آپس میں بھی امن و سکون سے رہنا ہے۔ اس گھر میں آنے والے وہ لوگ جو خدا کی عبادت کرنے والے ہیں (مومن) ہیں بیت میں آتے ہیں انہوں نے آپس میں بھی سکون سے رہنا ہے اور یہی سکون اور تحفظ دوسروں کو بھی مہیا کرنا ہے۔ پس جب جماعت احمدیہ بیت الذکر بناتی ہے تو اس سوچ کے ساتھ کہ ہم نے اپنے ہمسایوں کے حقوق ادا کرنے ہیں جس طرح تحفظ ہمیں اپنے لئے چاہیے اسی طرح سکون اور امن ہم نے اپنے ماحول کو بھی مہیا کرنا ہے۔

س: ہمسایوں کے حقوق کے حوالہ سے حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا!: ہمسایوں کے حقوق تو اسلام میں اس قدر ہیں کہ بانی اسلام حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے ہمسایوں کے حقوق کی اس قدر تاکید فرمائی اور قرآن کریم میں بھی اس کی تعلیم ہے اور صحابہ کو آپ ﷺ اس قدر تلقین فرمایا کرتے تھے کہ بعض صحابہ نے سمجھا کہ شاید ہماری وراثت میں بھی ہمسائے شامل ہو جائیں تو یہ جو ہمسائے کا حق ہے وہ دین حق نے قائم کیا اور یہ حق اسی صورت میں قائم ہوسکتا ہے جب اپنے ماحول میں آدمی امن اور سکون سے رہے

باقی صفحہ 6 پر

DJapan
3

م ۔ ندیم

میرے والد محترم چوہدری پیر محمد کا ذکر خیر

ہمارے والد محترم چوہدری پیر محمد صاحب واقف زندگی (سابق اکاؤنٹنٹ تحریک جدید فارمز سندھ) 10 نومبر 2003ء کو بعمر 94 سال ربوہ میں وفات پا گئے۔

آپ نسووالی سوہل ضلع گجرات میں پیدا ہوئے۔ عین عالم جوانی میں 17 سال کی عمر میں 1926ء کے جلسہ سالانہ کے موقع پر گجرات سے پیدل قادیان جا کر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دست مبارک پر بیعت کی سعادت حاصل کی۔ آپ کی ساری زندگی توکل علی اللہ، خدمت دین، اطاعت خلافت اور نظام جماعت سے وابستگی کی عملی تصویر تھی۔

جنگ عظیم دوم کے دوران حضرت مصلح موعود نے دفاع وطن کے لئے احمدیوں کو فوج میں شامل ہونے کی تحریک فرمائی اور احمدیہ گیریژن کمپنی کا قیام عمل میں آیا۔ ابا جان 1943ء سے 1946ء تک احمدیہ گیریژن کمپنی میں پنجاب رجمنٹ 8/15 میں خدمت انجام دیتے رہے۔ احمدیہ گیریژن کمپنی ختم ہونے پر 1946ء میں زندگی وقف کر دی اور حضرت مصلح موعود نے آپ کو تحریک جدید کی زمینوں پر خدمت کے لئے سندھ جانے کا ارشاد فرمایا۔

اسیر راہ مولیٰ

آپ نے کبھی اپنے وطن اور زمینوں کا خیال بھی نہ کیا اور عزیز رشتہ داروں کو چھوڑ کر سندھ آباد ہونے کو سعادت سمجھا۔ ایک واقف زندگی کی حیثیت سے جنوری 1947ء میں آپ قادیان سے سیدھے محمد آباد اور بعد ازاں نور نگر سندھ میں قیام پذیر ہوئے۔ 21 جون 1947ء کو نور نگر کے قریبی علاقہ میں مقامی مزارعین کی لڑائی میں ایک سندھی عورت بختاور ہلاک ہو گئیں۔ مقامی سندھیوں کی طرف سے جماعت سے پرخاش کے نتیجہ میں تحریک جدید کے کارکنان کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر لیا گیا اور گیارہ احمدی احباب گرفتار ہو گئے۔ ابا جان کو بھی اس واقعہ میں اسیری کی سعادت حاصل ہوئی اور دورانِ اسیری آپ عمر کوٹ، میر پور خاص، حیدر آباد اور سنٹرل جیل کراچی میں قید رہے۔

